1989ء سے مسلسل اشاعت | 26 جولائی تا یکم اگست 2024 | شمارہ نمبر 30 | جلد نمبر 36

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 9001: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





BMG — بزنس مین گروپ

کراچی ولاہور میں خدمت کے 13 سال

محمد سلیم بیکیا — چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ — گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

HO-KOTE C2S Matt

| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

**tjiwi kimia**
**paper products**
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD · ExcelPro · MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE TODAY'S PAPER FOR TOMORROWS' TECHNOLOGY · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET · eX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
  MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989ء سے مسلسل اشاعت weeklypaperbusiness.com

ہفت روزہ

بانی: محمد رؤف

# پیپر بزنس کراچی

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز، وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک

صفحات: 22 رنگین 18 عمومی



**چیف ایڈیٹر:**
محمد رؤف





**ایڈیٹوریل بورڈ:**

پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ وڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری



**چارجز: 100 روپے**

کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے

بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے

خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

ای میگزین 1500 روپے

**For Online Payments**
**Bank Makramah (BML)**
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171411296O
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
**United Bank Ltd (UBL)**
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

**پبلشرز:** حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا



رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com


# کسٹم عبوری کلیرنس کے لئے جمع کئے گئے چیکس واپس کرنے کا ایف ٹی او کا نیا حکم

## احمد اظہر، ناصر قاسم و دیگر نے کسٹم کی جانب سے غیر قانونی طور پر چیک واپس نہ کرنے پر محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں شکایات درج کرائی تھیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی ٹیکس محتسب (ایف ٹی او) نے احمد اظہر، ناصر قاسم اور دیگر کی جانب سے ایک جیسی شکایت پر اپنا حکم نمبر 5165KHI/CUST/2024 مورخہ 14 جون 2024 جاری کرتے ہوئے کسٹم کو حکم دیا ہے کہ شکایت کنندہ کے نیو یا رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن کا تنازعہ پیدا ہونے کے بعد دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کے لئے جو چیک بطور سیکورٹی ڈپازٹس جمع کرائے تھے کلاسیفکیشن کا فیصلہ سپریم کورٹ سے درآمد کنندگان کے حق میں ہونے کے بعد وہ چیک فوراً واپس کئے جائیں۔ یہ شکایات محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں ان امپورٹرز نے درج کرائی تھیں۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے یکم جنوری 2024 کو سندھ ہائی کورٹ کا حکم مورخہ 10 اگست 2023 کو برقرار رکھا تھا جس میں شکایت کنندگان بھی شامل تھے۔ واضح رہے کہ 2021 میں دونوں سائیڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ کی کلاسیفکیشن کا تنازع ایک شکایت پر سامنے آیا تھا اور کسٹم نے کلیرنس روک دی تھی جس پر امپورٹرز نے دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کے لئے ڈیوٹی اور ٹیکسز کے مساوی رقم کے چیک بطور سیکورٹی کسٹم کو دیئے تھے جو کہ سپریم کورٹ کے حکم کے بعد ریفنڈ کئے جانے تھے لیکن کسٹم نے بیشتر امپورٹرز کے چیک کیش کرا لئے تھے اور انہیں ریفنڈ سے انکار کیا تھا جس کے خلاف ایف ٹی او سے شکایات کی گئی تھیں اس سلسلے میں 2021 تا 2024 تک آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا نے دونوں سائیڈ کوٹڈ پیپر کو رائٹنگ پرنٹنگ پیپر تسلیم کرا لیا تھا اور سپریم کورٹ سے یہ کیس جیت کر ایک تاریخ رقم کی تھی اور یہ کیسز اسی ریفنڈ کے لئے تھے۔

# 10 دن میں اسٹیشنری پر عائد ٹیکس واپس لیں ورنہ ہڑتال کریں گے، تاجران اردو بازار

لاہور (بزنس ڈیسک) لاہور میں اردو بازار کے دکانداروں کی تنظیم کا کہنا ہے کہ حکومت اسٹیشنری پر لگایا جانے والا جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) اگلے 10 دن میں واپس ورنہ اردو بازار کے تاجران ہڑتال اور احتجاج دونوں کریں گے۔ صدر انجمن تاجران اردو بازار اور صدر انجمن تاجران آل پاکستان خالد پرویز نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے اسٹیشنری آئٹمز پر 14 فیصد جی ایس ٹی عائد کر دیا ہے جو تاجران کو قابل قبول نہیں ہے۔ ’اس وقت اردو بازار پہلے ہی زوال پذیر ہے لوگوں کا کاروبار نہیں ہے وہ پریشان ہیں اس پریشانی کے عالم میں ان پر سیلز ٹیکس کی ایک تلوار لٹکا دی گئی ہے۔‘ ان کا کہنا تھا کہ یہ ٹیکس چھوٹے دکاندار، ری ٹیلرز یا ہول سیل میں اسٹیشنری پر نہیں ہونا چاہیے کیوں کہ یہ سکول جانے والے بچوں کی روزمرہ کی ضروریات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ٹیکس انڈسٹری پر لگے گا تو وہ آگے ہول سیل والے سے وصول کرے گا اور اس پر اپنا منافع بھی رکھے گا جس سے مزید قیمت بڑھ گئی پھر ہول سیلر ریٹیلر کو مہنگا کر کے دے گا۔ ’ریٹیلر جب اسے بیچے گا تو یہ سارا ٹیکس اس بچے کو ادا کرنا پڑے گا جو پہلے ہی خرید نہیں سکتا جو زمین پر بیٹھا ہے، یہ ٹیکس غریب والدین اور طالب علموں پر بوجھ بنے گا اور اس ٹیکس سے تعلیم کے دروازے بند ہونے کا مزید امکان بڑھ جائے گا۔‘ لاہور اردو بازار کتابوں، کاغذ اور اسٹیشنری آئٹمز کے لیے مشہور ہے۔ یہاں اسٹیشنری کی ایک بہت بڑی ہول سیل مارکیٹ ہے لیکن آج کل وہاں کام اس طرح نہیں چل رہا جیسے ہوا کرتا تھا۔ دکان داروں کا کہنا تھا کہ نیا جنرل سیلز ٹیکس لگنے کے بعد انہیں انڈسٹری سے اسٹیشنری مہنگے داموں مل رہی ہے۔ فیصل محمود اردو بازار میں اسٹیشنری کے ہول سیلر ہیں۔ انہوں نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ’پینسل، ربر، شارپنر، مارکر، کلر پینسل یہ ایک بچے کو روز لینی ہیں جس کا مطلب ہے کہ وہ روزانہ ٹیکس دے گا۔‘ فیصل محمود کے خیال میں اس ٹیکس میں بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو انہیں سمجھ نہیں آ رہی جیسے گم سٹک، فلوئیڈ پین یا فائلز وغیرہ جو آفس اسٹیشنری میں آتی ہیں ان پر ٹیکس نہیں لگایا گیا۔ ’غریب بچہ پہلے ہی پڑھائی سے دور ہوتا جا رہا ہے مہنگائی کی وجہ سے۔ بہت سے بچے بنیادی اسٹیشنری روز لیتے ہیں جو دن بہ دن مہنگی ہوتی جا رہی ہیں تو یہ ہمیں بتایا جائے کہ بچے کیسے اپنی پڑھائی کو جاری رکھ سکیں گے اس لیے میرے خیال میں حکومت اس پر کام کرے، ہوش کے ناخن لے اور بہتری کے لیے سوچے۔‘ مزمل بھی اردو بازار میں سٹیشنری کا ہول سیل کا کاروبار کرتے ہیں۔ انہوں نے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ’حکومت نے جو ٹیکس لگایا ہے اس کے بعد سے گاہک آتے ہیں وہ اسٹیشنری آئٹمز کی قیمتیں دیکھ کر واپس چلے جاتے ہیں کیوں کہ یہ چیزیں اتنی مہنگی ہو گئی ہیں کہ قوت خرید ختم ہو گئی ہے۔‘ مزمل نے بتایا: ’پہلے ریٹیل میں ایک پینسل 15 یا 20 روپے کی بکتی تھی وہی پینسل اب 30 روپے کی ہو گئی ہے۔ پہلے حالات خراب تھے اور حکومت نے 14 فیصد مزید ٹیکس لگا دیا ہے اس وقت مارکیٹ کچھ کام نہیں ہو رہا۔‘ مزمل نے اسٹیشنری کے ریٹس بتاتے ہوئے 12 پینسلوں کے ایک پیکٹ کی قیمت کے حوالے سے بتایا ’پہلے اس پیکٹ کی قیمت ہول سیل میں 160 روپے تھی جس کا کم از کم ریٹ اب 180 روپے ہو گیا ہے۔ اب یہ سوچیں کہ میں آگے ریٹیلر کو یہ کتنے میں بیچوں گا اور وہ آگے ایک بچے کو یہ کتنے میں بیچے گا؟‘ اسٹیشنری ریٹیل میں فروخت کرنے والے اظہر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ’حکومت نے جو جی ایس ٹی لگایا ہے اس سے اسٹیشنری مزید مہنگی ہو جائے گی۔‘ اظہر کا کہنا تھا کہ ’ابھی مارکیٹ میں گاہک نہیں ہے کیوں کہ ابھی بچوں کی چھٹیاں چل رہی ہیں لیکن اب جب سکول کھلیں گے تو اس سے پہلے اسٹیشنری کی خرید و فروخت کا کام زیادہ ہو جاتا ہے اور ریٹیلرز کے لیے قیمت کو مناسب رکھنا مشکل ہو جائے گا اور بچوں کے لیے پڑھائی ایک خواب بن جائے گا۔






یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 30سال تک لاہور پیپر مارکیٹ کی حکمرانی کرنے والے سمیع اللہ بٹ انتقال کر گئے



لاہور (پیپر بزنس نیوز) تقریباً 30 سال تک لاہور پیپر مارکیٹ کی قیادت کا اعزاز رکھنے والی شخصیت سمیع اللہ بٹ جنہیں لاہور پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن (ایل پی ایم اے) کا اعزازی جنرل سیکریٹری بعد ازاں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے قیام کے بعد ناردرن زون کا صدر، متعدد بار وائس چیئرمین اور تین مرتبہ چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا اعزاز حاصل رہا، 15 جولائی 2024 کی صبح اس دار فانی سے کوچ کر گئی۔ 1988 سے 2020 تک آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے ساتھ ساتھ جماعت اسلامی لاہور کے بھی بعض اہم عہدوں جس میں جنرل سیکریٹری لاہور زون بھی شامل ہے ایک متحرک رہنما کے طور پر کام کرتے رہے تاہم پھر بھی وہ لاہور پیپر مارکیٹ کی سیاست اور وہاں قائم سیاسی گروپوں میں اہمیت رکھتے تھے، ان کی مشاورت تمام امور میں شامل ہوتی تھی۔ گزشتہ چند سالوں سے وہ اپنی صحت کے باعث کوئی مستقل عہدہ قبول نہیں رکھتے تھے لیکن کراچی سے لاہور تک ان سے اہم فیصلوں میں مشاورت کرنا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ مرحوم کے انتقال پر سابق چیئرمین حضرات عبدالمجید میمن، محمد سلیم بیکیا، ملک محمد حنیف بانی پیپر بزنس نیوز محمد رؤف سمیت دیگر عہدیداران و اراکین نے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور پیپر ٹریڈ کے لئے ان کی خدمات کو سراہا ہے۔ انہوں نے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت کرے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔








سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سمیع اللہ بٹ مرحوم کی (دائرے میں) چند یادگار تصاویر جس میں وہ کراچی میں اپیما کے اجلاس عام میں اور ایک سیمینار میں شریک ہیں، دیگر تصاویر میں وہ فیڈریشن میں منعقدہ اجلاس کے شرکا کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس کے علاوہ لاہور پیپر مارکیٹ کے عہدیداران کے ساتھ گروپ فوٹو میں بھی موجود ہیں


AL-MUSTUFA
WAREHOUSE





We are specialized in Photocopier Boxes / Paper Pallets and all Disposable Cartons Storage.


Taha Cell: 0300-2581746 / 0302-8688846    Fida Hussain : 0302-2843561

A / 12, S.I.T.E. Street No.5, Manghopir Road, Besides Total Parco Petrol Pump, Karachi-Pakistan




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# سمیع اللہ بٹ کے انتقال پر عبدالمجید میمن کی تعزیت اور تاثرات




جس دن ملک شمیم کا انتقال ہوا، اسی دن میں نے پیپر برادری سے اپیل کی تھی کہ سمیع اللہ بٹ کے لیے دعائے صحت کریں۔ میں نے ملک شمیم کے انتقال پر سمیع اللہ بٹ صاحب سے کچھ بات کرنے اور ان کی خیریت معلوم کرنے کی کوشش کی، لیکن ان کی آواز میں بہت نقاہت اور کمزوری تھی اور وہ بات نہیں کر پا رہے تھے۔ جب میں نے ملک شمیم صاحب کے انتقال کا ذکر کیا تو انہیں اس کا علم ہی نہیں تھا، کیونکہ دل کے عارضے کی وجہ سے گھر والوں نے ان سے یہ بات چھپائی تھی۔ میں نے انجانے میں یہ ذکر کر دیا جس پر وہ بہت رنجیدہ ہوئے اور رونے لگے، میرا دل بھی بھر آیا۔ پھر انہوں نے مجھ سے گزارش کی کہ مجید میمن، میرے جانے کا وقت بھی قریب ہے۔ تم کراچی کے تمام ساتھیوں سے میری طرف سے گزارش کرو کہ اگر کسی کی دل آزاری ہوئی ہو تو مجھے معاف کر دے اور میرے لیے دعائے خیر کریں۔ میں نے یہ بات اپنے ویڈیو پیغام میں شامل کی تھی۔ 15 جولائی کی صبح جب میں اٹھا اور موبائل کھولا تو واٹس ایپ پر دیکھا کہ وہ بھی مالک حقیقی سے جا ملے ہیں۔ وہ ایک بہترین اردو دان، لکھاری اور مقرر تھے۔ اردو کی بے تحاشا کتابیں پڑھ چکے تھے اور اردو بھی ایسی کہ اردو کے الفاظ ان کے سامنے ہاتھ باندھ کر کھڑے ہوتے تھے۔ ان کا اردو الفاظ کا چناؤ بہترین تھا اور وہ بہترین لکھنے والے تھے۔ سمیع اللہ بٹ کی شخصیت صرف ان کی زبان و بیان کی مہارت تک محدود نہیں تھی، بلکہ ان کی انسانیت، خلوص اور محبت بھی ان کی شخصیت کا حصہ تھیں۔ وہ ہمیشہ دوسروں کی مدد کے لیے تیار رہتے تھے اور کسی بھی مشکل وقت میں اپنے دوستوں کے ساتھ کھڑے رہتے تھے۔ ان کا دل بہت بڑا تھا اور ان کی دوستی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ میں اپنے آپ سے شرمندہ ہوں کہ آج مجھے ان پر ریویو لکھنا پڑ رہا ہے، وہ بھی اردو میں۔ میں اردو سے نا بلد ہوں اور نہ ہی مجھے اردو اتنی اچھی آتی ہے۔ لیکن، سمیع اللہ بٹ مرحوم پر ماضی کی یادوں کی کچھ باتیں لکھنی ضروری ہیں کیونکہ یہ میرا فرض ہے۔ سمیع اللہ بٹ سے میری واقفیت 1988 سے تھی جب ہم نے کراچی پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی داغ بیل ڈالی۔ دراصل، داغ بیل ڈل چکی تھی اور کچھ دوستوں نے الیکشن کروایا تو میں بھی اس سے وابستہ ہو گیا۔ لاہور میں لاہور پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن تھی اور اس کے روحِ رواں سمیع اللہ بٹ تھے۔ جب آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی بنیاد ڈالی تو دونوں ایسوسی ایشنز اس میں ضم ہو گئیں۔ بٹ صاحب بھی آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے بانیان میں سے تھے اور وہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین بھی رہ چکے تھے۔ علاوہ ازیں، وہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے مختلف عہدوں پر بھی فائز رہے اور انہوں نے بڑی خوش اسلوبی سے اپنا کام ادا کیا۔ ان کی چیئرمین شپ کے زمانے میں ایک بہت بڑا ابحران بھی آیا تھا مگر انہوں نے اسے خوش اسلوبی سے حل کر دیا۔ وہ جرات، استقامت، اہلیت و قابلیت کے پیکر تھے۔ سمیع اللہ بٹ جماعت اسلامی کے بہت پرانے کارکن بھی تھے اور انہوں نے اپنا بہت سا وقت جماعت اسلامی میں گزارا۔ وہ ہماری پیپر برادری کے لیے بھی ایک اثاثہ تھے۔ وہ محبت کرتے تھے تو بھی کھل کر کرتے تھے اور اختلاف کرتے تھے تو بھی کھل کر کرتے تھے۔ ان میں منافقت رتی بھر کی نہیں تھی۔ جب ہمارا وفد کراچی سے لاہور میٹنگوں میں جاتا تھا تو ہمارے دوستوں کی بڑی خدمت کرتے تھے۔ دوسرے ساتھیوں کے ساتھ مل کر جتنے دن ہم وہاں رہتے، وہ ہمارے ساتھ ہوتے اور بڑی خدمت کرتے۔ آج وہ ہمارے ساتھ نہیں رہے لیکن ان کی یادیں ہمارے ساتھ ہیں۔

کچھ ایسے بھی اٹھ جائیں گے بزم سے
جن کو تم ڈھونڈنے نکلو گے مگر پا نہ سکو گے

سمیع اللہ بٹ کی یادیں ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ ان کی محبت، خلوص، اور خدمت کا جذبہ ہمارے لیے ایک مثال ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔---

# تاجر دوست اسکیم مسترد، ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی دھمکی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک بھر کی تاجر تنظیموں نے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے نافذ تاجر دوست اسکیم امسترد کرتے ہوئے ملک گیر احتجاج و شٹر ڈاؤن ہڑتال کی دھمکی دیدی۔ تاجر دوست اسکیم کے نفاذ کے لئے جاری نوٹیفکیشن پر ردعمل میں پاکستان بھر کی تاجر تنظیموں کے رہنماؤں نے مشترکہ بیان میں کہا کہ تاجر برادری ایف بی آر کے جاری تاجر دوست ٹیکس ویلویشن ٹیبل کو مسترد اور مطالبہ کرتی ہے کہ یہ ایس آر او فوری واپس لیا جائے۔ ایف بی آر کو جو تجاویز تاجر برادری کے نمائندوں نے دی تھیں، ان پر غور ہی نہیں کیا گیا، حالانکہ ان تجاویز پر ایف بی آر کے مقرر کردہ کو آرڈینیٹر نے بھی اتفاق تھا۔ نان فائلرز اپنے بجلی بلوں میں ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرتے ہیں، وہ کسی صورت مزید ایڈوانس انکم ٹیکس جمع نہ کرائیں گے۔ ملک گیر احتجاج کی کال اور شٹر ڈاؤن کی تاریخ کا اعلان چند یوم میں کر دیا جائے گا، اس کے لئے تاجر تنظیموں کے نمائندوں سے مشاورت جاری ہے۔


آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے وفد کی انٹرنیشنل بک فیئر فرینکفرٹ (جرمنی) میں شرکت کے سلسلے میں ایک اجلاس خامس سعید بٹ کی صدارت میں دفتر ایسوسی ایشن میں منعقد ہوا جس میں خواہش مند شرکاء نے بھی شرکت کی



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

A QUALITY PRODUCT BY

APP

金东纸业
GOLD EAST PAPER

**Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM**

- **Premium Quality**
- **High Brightness**
- **Two Sides Copying**
- **Fast Ink Absorption By TRUTONE Technology**
- **High Efficiency**

博汇 Bohui

# 博汇纸业
# BOHUI PAPER

**A4 70 g/m²** 500 sheet

**A4 80 g/m²** 500 sheet




70اور 80 گرام میں اعلیٰ معیار کا A4 سائز پیپر
چائنا سے درآمد شدہ مارکیٹ میں دستیاب ہے

## FOR BOOKING CONTACT


IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com


BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012




Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

**Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM**

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80




BRANDS ICON OF PAKISTAN
2010

Brands of the year Award™
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™
IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
2011-2012

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
## COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# مقامی ڈپلیکس بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، کاربن لیس میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 24 جون 2024 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایگل ان کوٹڈ ، بورڈ ون وائٹ ، میگا ٹاپ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز کی قیمتوں میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

## تھوک نرخ Whole Sale

### کاربن لیس پیپر

کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 18x23 سائز 4900 روپے سے کم ہو کر 4800 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 6300 ، روپے سے بڑھ کر 6400 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر رائزنگ سن 24x34 سائز، 6300 روپے سے بڑھ کر 6400 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔

### مقامی ڈپلیکس بورڈ:

مقامی ڈپلیکس بورڈ، بورڈ ون وائٹ تمام سائز 290 گرام 203 روپے سے کم ہو کر 202 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 152 روپے سے کم ہو کر 150 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایگل ان کوٹڈ تمام سائز تمام گرام، 138 روپے سے کم ہو کر 136 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 171 روپے سے کم ہو کر 170 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔

### فوٹو کاپی پیپر:

پی پی سی براؤن 70 گرام، 950 روپے سے بڑھ کر 955 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1125 روپے سے کم ہو کر 1100 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 950 ، روپے سے کم ہو کر 930 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1100 ، روپے سے کم ہو کر 1080 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1200 روپے سے کم ہو کر 1180 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام ، 1300 روپے سے کم ہو کر 1280 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی پیپر A3 ، سائز 70 گرام 2200 روپے سے کم ہو کر 2000 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون A4 ، سائز 80 گرام، 1350 روپے سے کم ہو کر 1280 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام 1360 ، روپے سے کم ہو کر 1350 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

تفصیلی پرائز سروے اندرونی صفحات پر ملاحظہ کیجئے۔

# شپنگ کمپنیوں نے ہفتے کو بھی کام شروع کر دیا

کراچی (بزنس ڈیسک) وزیر اعظم پاکستان کی ہدایت پر کے پی ٹی انتظامیہ کا ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے لئے بڑا ریلیف، شپنگ کمپنیوں اور ایجنٹوں کے دفاتر 20 جولائی سے بروز ہفتہ کو بھی کھلے رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کے حالیہ دورہ کے پی ٹی کے دوران میٹنگ میں ٹریڈ باڈیز نے ڈیلیوری آڈرز تاخیر سے فراہم کئے جانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کی نشاندہی کی تھی کہ شپنگ کمپنیوں کے دفاتر ہفتہ اور اتوار کو بند رہنے سے ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ان کے پیداواری اخراجات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ جس پر وزیر اعظم میاں شہباز شریف کی ہدایات پر شپنگ کمپنیوں اور ایجنٹوں نے دفاتر کو 20 جولائی سے بروز ہفتہ بھی دفاتر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب دفاتر پیر سے ہفتہ کے دنوں میں روزانہ کھلا کریں گے۔ دریں اثنا کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری محمود الحسن کی جانب سے کہا گیا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار، درج ذیل شپنگ لائنیں 4 ہفتوں کے لیے 20 جولائی 2024 بروز ہفتہ دوپہر 1 بجے تک ڈیلیوری آرڈرز کے اجراء کے لیے کام کریں گی۔

Maersk, Hapag Lloyd, CMA CGM, Green Pak, PIL, MSC, OOCL, CoscoM Inshipping Emirates, CIM, Sharaf, Eastern Sea, ONE Line Yaseen Shipping, UMA and GAC, Freight Connection, PakShaheen, Eastern Shipping, Portlink

ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ وہ اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ خصوصی موقع سے بھر پور فائدہ اٹھائیں اور اپنے ڈیلیوری آرڈرز کو فوری طور پر اکٹھا کریں۔ ان کمپنیوں کے دفاتر ہفتہ 20 جولائی سے کھلنا شروع ہو گئے ہیں۔

## روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں معمولی اضافہ

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹربینک مارکیٹ میں بدھ 24 جولائی کو کاروبار کے ابتدائی سیشن کے دوران ڈالر کے مقابلے روپے کی قدر میں معمولی کمی دیکھی گئی۔ صبح 10 بجکر 30 منٹ پر ڈالر 1 پیسے کے معمولی اضافے سے 278.42 روپے پر دیکھا گیا۔ یاد رہے کہ منگل 23 جولائی کو ڈالر کے مقابلے مقامی کرنسی 278.41 روپے پر بند ہوئی تھی۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD    Kantak Sticker    Cream Offset Japan
105-Gsm

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 42 شہروں میں خوردہ فروشوں کیلئے 100 سے 10 ہزار روپے تک ماہانہ فکسڈ ٹیکس نافذ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر خزانہ کی منظوری سے ایف بی آر نے ملک بھر کے 6 سے 42 شہروں تک توسیع کے لیے تاجر دوست خصوصی رولز 2024 کا اجراء کردیا ہے جس کے تحت ٹیکس مشینری نے دکانوں کی مارکیٹ کی قیمت کے لحاظ سے خوردہ فروشوں کے لیے 100 روپے سے لے کر 10 ہزار روپے ماہانہ تک کے مقرر کیا گیا۔ ایف بی آر کے باضابطہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اس خصوصی طریقہ کار میں جب تک کہ موضوع یا سیاق و سباق میں کوئی چیز متضاد نہ ہو (الف) ''اشاراتی آمدنی'' کا مطلب آمدنی ہے جیسا کہ جدول- II میں جدول کے کالم (4) میں بیان کیا گیا ہے اور بورڈ کی جانب سے عوامل کی بنیاد پر تعین کیا گیا ہے بشمول پراپرٹی کی کرائے کی قیمت، اس کے محل وقوع اور منصفانہ مارکیٹ ویلیو تک محدود نہیں؛ 'فزیکل جگہ' میں کاروبار سے منسلک کوئی بھی جگہ یا دفتر یا گھر جو ایک کاروباری جگہ کے طور پر کام کرتا ہے؛ اور ''دکاندار'' میں تھوک فروش، ڈیلر، ڈسٹری بیوٹر، خوردہ فروش، مینوفیکچرر مع خوردہ فروش، درآمدکنندہ مع خوردہ فروش، یا ایسا شخص شامل ہے جو خوردہ اور تھوک کی سرگرمی کو کسی دوسری کاروباری سرگرمی یا سامان کی سپلائی چین میں موجود دوسرے شخص کے ساتھ جوڑتا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ ایس آر او کے مطابق ریٹیلرز اسکیم ایبٹ آباد، اٹک، بہاولنگر، بہاولپور، چکوال، ڈیرہ اسماعیل خان، فیصل آباد، گھوٹکی، گجرات، گوادر، حافظ آباد، ہری پور، حیدرآباد، اسلام آباد، جھنگ، جہلم، کراچی، قصور، خوشاب، لاہور، لاڑکانہ، لسبیلہ، لودھراں، منڈی بہاؤالدین، مانسہرہ، مردان، میرپورخاص، ملتان، ننکانہ، نارووال، پشاور، کوئٹہ، رحیم یار خان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، شیخوپورہ، سیالکوٹ، سکھر اور ٹوبہ ٹیک سنگھ نافذ کردی گئی ہے۔

## ٹیکس عدم ادائیگی پر دکانیں سیل کردی جائیں گی، ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سال میں 2 بار ایڈوانس انکم ٹیکس ادا نہ کرنے پر دکان سیل ہوگی، ایف بی آر نے تاجر دوست سپیشل پروسیجر 2024 میں ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، ماہانہ ایڈوانس انکم ٹیکس 100 روپے سے 20 ہزار روپے ہوگا، تاجر دوست اسکیم کا اطلاق ٹیکس سال 2025 سے ہوگا۔ جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تاجر دوست اسکیم کو 6 سے بڑھا کر 42 شہروں تک توسیع دے دی گئی، تاجر دوست سپیشل پروسیجر کا اطلاق تاجروں اور دکانداروں پر ہوگا، ماہانہ ایڈوانس انکم ٹیکس کی پہلی وصولی 31 جولائی 2024 سے ہوگی، چھوٹے تاجروں، دکانداروں، ہول سیلرز، ریٹیلرز پر اسکیم کا اطلاق ہوگا۔ مینوفیکچررکم ریٹیلرز، امپورٹرکم ریٹیلرز پر اسکیم کا اطلاق ہوگا، ریٹیلرز پر ماہانہ بنیادوں پر سیلز ٹیکس کی ادائیگی کا طریقہ کار نافذ ہوگا، ریٹیلرز سے لازمی ٹیکس ادائیگی کا حجم دکان کی لوکیشن کے مطابق طے ہوگا، ہر پرچون فروش، دکاندار کی ماہانہ کم از کم سیل کی اوسط نکالی جائے گی سیل کی اوسط کے تحت ٹیکس ادائیگی کی نگرانی کی جائے گی۔ تاجر، دکاندار موبائل ایپ یا ایف بی آر کی ویب پورٹل پر جسٹریشن کراسکیں گے، رجسٹریشن ٹیکس سہولت سینٹرز کے ذریعے بھی ہوسکے گی۔ ایڈوانس ٹیکس ٹیبل کے مطابق ریٹیلرز سے 1200 سے 20 ہزار ماہانہ ٹیکس وصول کیا جائیگا، ایڈوانس ٹیکس ٹیبل بناتے وقت پسماندہ، درمیانے اور پوش علاقوں کی درجہ بندی کی گئی۔ ایڈوانس ٹیکس ٹیبل بناتے وقت ٹیکس کا نفاذ منصفانہ ہونے کے پہلو کو بھی مدنظر رکھا گیا، ایڈوانس ٹیکس ٹیبل 17 ریجنل ٹیکس آفس میں 42 شہروں کے تاجر نمائندگان کی مشاورت سے تیار کیا گیا۔

## ہول سیلرز، ریٹیلرز سے ایڈوانس انکم ٹیکس کی وصولی، پیپر امپورٹرز اور مینوفیکچررز پر اطلاق

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی بجٹ 25-2024 کے تحت انکم ٹیکس کی وضاحت 236G اور 236H کا اطلاق یکم جولائی سے شروع ہوگیا ہے اور اب تمام مینوفیکچررز اور کمرشل امپورٹرز کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ دفعہ 236G کے تحت ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز اور ہول سیلرز سے فعال انکم ٹیکس کی فہرست میں شامل افراد سے 0.10 فیصد اور نان فائلرز سے 2 فیصد ایڈوانس انکم ٹیکس وصول کرکے قومی خزانے میں جمع کرائیں مزید برآں دفعہ 236H کے تحت ریٹیلرز کو ہر قسم کی اشیا کی فروخت پر تمام مینوفیکچررز، ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز، ہول سیلرز، کمرشل امپورٹرز اور ڈسٹری بیوٹرز ڈیلر کی دوسرے ہول سیلرز کو فروخت پر فائلر سے 0.5 فیصد اور نان فائلر سے 2.50 فیصد ایڈوانس انکم ٹیکس وصول کرکے قومی خزانے میں جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ ان دفعات کا اطلاق پیپر و پیپر بورڈ کی تمام اشیا کے امپورٹرز، مینوفیکچررز پر بھی ہوگا۔ اس صورت حال سے پیپر مرچنٹس میں تشویش پائی جاتی ہے۔

### Advance tax Collection-236G & 236 H

(Updated by Finance Bill 2024 on 12-06-2024)
Effective from Jul 01, 2024 if approved in Finance Act 2024

**Income Tax Ordinance, 2001**

236G. Advance tax on sales to distributors, dealers and wholesalers.
Who will deduct tax:-
Every manufacturer or commercial importer (on Every product)

| 236-G, Rate of collection of Income Tax | ATL | Non ATL |
|---|---|---|
| Sale to distributor, dealer, wholesaler – Fertilizer (adjustable) | 0.70% | 2.00% |
| Sale to distributor, dealer, wholesaler – Others (adjustable) | 0.10% | 2.00% |

236H. Advance tax on sales to Retailers.
Who will deduct tax:- (on Every product)

- Every manufacturer,
- distributor, dealer, wholesaler
- commercial importer
- distributor or dealer to another wholesaler

| 236-H, Rate of collection of Income Tax | ATL | Non ATL |
|---|---|---|
| Sale to Retailers (adjustable) | 0.50% | 2.50% |

## نان فائلرز کیخلاف مزید سخت اقدامات کا اعلان

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نان فائلرز کے خلاف مزید سخت اقدامات کا اعلان کردیا جس کے مطابق نان فائلرز کے بجلی، گیس اور پانی کے کنکشن منقطع کرنے میں تیزی لائی جائے گی۔ سرمایہ کاری پر نان فائلرز کی 35 فیصد ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔ نان فائلرز بیرون ملک سفر نہیں کرپائیں گے جبکہ نان فائلرز سے گاڑیوں کی خرید و فروخت پر 200 فیصد ٹیکس وصول کیا جائیگا۔

## قاضی پیپر مارٹ کے عمران قاضی کی والدہ انتقال کرگئیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) اپیما کی رکن فرم میسرز قاضی پیپر مارٹ کے پروپرائٹر عمران قاضی کی والدہ رضائے الٰہی سے 23 جولائی 2024 کو انتقال کرگئیں۔ ان کے انتقال پر چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، سینئر وائس چیئرمین اپیما محمد انیس اور سدرن زونل کمیٹی سید شاہنواز علی ودیگر عہدیداران و اراکین سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے مرحومہ کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت
چیف ایڈیٹر: محمد رؤف
ہفت روزہ پیپر بزنس کراچی

# 1997 تاریخ کے جھروکوں سے



## پیپر مارکیٹ میں ڈکیتیوں کے خاتمے کے لئے تعاون کیا جائے گا' مشیر وزیر اعلیٰ سندھ

### پیپر مرچنٹس کے لئے میرے دروازے ہروقت کھلے ہیں کیونکہ میرا تعلق بھی پیپر ٹریڈ سے ہے ایپما کی عید ملن تقریب سے سید حفیظ الدین کا خطاب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے اطلاعات ورابطہ ابلاغ عامہ سید حفیظ الدین نے کہا کہ ان کی حکومت سندھ بالخصوص کراچی میں امن امان کی صورت حال کی بہتری کی لئے کوشاں ہے اور اس میں پہلے سے خاصی بہتری آئی ہے۔ وہ 2 فروری کو آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن سرکل کے عید ملن ظہرانے سے خصوصی خطاب کررہے تھے انہون نے پیپر مارکیٹ میں ڈکیتیاں ختم کرانے کے لئے اپنے ہر تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ اس سلسلے میں آئی جی سندھ ڈی آئی جی کراچی کو خصوصی ہدایات دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپر مرچنٹس کے لئے ان کے دروازے ہروقت کھلے ہیں کیونکہ ان کا تعلق بھی پیپر ٹریڈ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس کا مسئلہ تاجروں کے لئے پریشان کن ہے اور وہ اس سلسلے میں حکومت کو تاجر برادری سے مذکرات پر آمادہ کریں گے۔ انہوں نے کے ایم سی مارکیٹ حسن علی آفندی روڈ کی لیز کے سلسلے میں بھی اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ سید حفیظ الدین نے نہایت مختصر سے نوٹس پر اس تقریب میں اے کیو خلیل کی دعوت پر شرکت کی تھی۔ قبل ازیں تقریب کے مہمان خصوصی وائس چیئرمین ایپما ایس انعام الٰہی جمیل نے کہا کہ اس وقت پیپر ٹریڈ سمیت تمام تاجر برادری کو سیلز ٹیکس کے گھمبیر مسئلہ کا سامنا ہے اور حکومت کو اس سلسلے میں تاجر برادری سے مذاکرات کرنے چاہئیں۔ انہوں نے اراکین ایپما کو بتایا کہ حال ہی میں کراچی ایوان تجارت وصنعت کے ایک وفد نے جس میں ایپما کی نمائندگی اے کیو خلیل نے کی تھی اسلام آباد میں پلاننگ کمیشن کے ڈپٹی چیئرمین حفیظ پاشا سے ملاقات کی تھی جس میں انہوں نے سیلز ٹیکس کی اور لازمی رجسٹریشن سے جون 98 تک استثنادینے کا وعدہ کیا تھا جس پر ابھی تک عملدرآمد نہیں ہوا ہے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ان سفارشات کا ایس آر او جاری کیا جائے۔ انعام الٰہی جمیل نے اراکین ایپما کو عید کی دلی مبارکباد دی اور سدرن سرکل کے صدر زین الدین سنیل اور اراکین ایگزیکٹیو کمیٹی کا اس عزت افزائی پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ سدرن سرکل کی یہ قیادت اراکین کے زیادہ سے زیادہ مسائل کے حل کے لئے کام کررہی ہے اور وہ ان کی کامیابی کے لئے دعاگو ہیں۔ تقریب کے صدر سابق چیئرمین ایپما عبدالمجید میمن نے اپنے خطاب میں اراکین ایگزیکٹیو کمیٹی کو اس شاندار اور تقریب کے انعقاد پر مبارک باد دی عبدالمجید میمن نے کہا کہ عید ملن کی تقریب میں اراکین ایپما کی اتنی بڑی تعداد میں شرکت ان کے اتحاد کی علامت ہے اور انہیں امید ہے کہ اگر کسی مرحلے پر مسائل بالخصوص سیلز ٹیکس کے مسئلے کے حل کے لئے جدوجہد کرنے کی ضرورت پیش آئی تو وہ اس اتحاد کا مظاہرہ کریں گے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر سید حفیظ الدین کی تقریب میں شرکت اور پیپر مرچنٹس کے مسائل کے حل میں دلچسپی ظاہر کرنے پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسوسی ایشن مسائل کے حل کے لئے ان سے تعاون حاصل کرے گی قبل ازیں صدر سدرن سرکل ایپما زین الدین سنیل نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں مہمانان گرامی کو خوش آمدید کہا اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر کا تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر کی توجہ پیپر مارکیٹ میں امن وامان کی صورتحال، بجلی کی فراہمی میں تعطل اور سیوریج کے مسائل کی جانب مبذول کرائی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اے کیو خلیل رکن سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی نے اپنے خطاب میں وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر کا اراکین سے تعارف کرایا اور بتایا کہ یہ پیپر مرچنٹس کے لئے محترم مشیر کا تعلق پیپر ٹریڈ سے ہے اور وہ ہمارے مفاد کو زیادہ بہتر سمجھ سکتے ہیں اور اس سلسلے میں وہ معاون ثابت ہوں گے انہوں نے تقریب کے انتظام پر سدرن سرکل کے عہدیداروں کو مبارکباد دی اور انعام الٰہی جمیل، ناظم علی، عبدالمجید میمن، اور اقبال میمن کو پیپر ٹریڈ کے لئے شاندار خدمات انجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔ عید ملن تقریب میں ایپما کی سینٹرل کمیٹی کے اراکین کے علاوہ عام اراکین کی ایک بہت بڑی تعداد نے بھی شرکت کی۔

## مشرقی ایشیا میں بحران کے نتیجے میں کاغذ کی قیمتوں میں زبردست کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مشرقی ایشیا میں زبردست مالی بحران کے باعث ان ممالک کی کرنسی کی قدر میں کئی سو فیصد کمی سے ان ممالک کی برآمدات نہایت سستی ہوگئی ہیں اور پیپر برآمد کرنے والی ان ممالک کی کمپنیوں نے اپنی برآمدی قیمت میں زبردست کمی کردی ہے۔ ان کمپنیوں کے ذرائع سے پیپر ملز کو موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق انڈونیشیاء آفسٹ پیپر اب ساڑھے سات سو ڈالر تک میں دستیاب ہے جبکہ کوریا کے آرٹ پیپر کی قیمتیں 760 ڈالر تک سے 785 ڈالر تک گرگئی ہیں جبکہ کوریا کا ڈپلیکس انتہائی کم قیمت پر چار سو سے 420 ڈالر میں دستیاب ہے تائیوان ڈپلیکس بورڈ اب 390 ڈالر تک میں برآمد کے لئے پیش کیا جارہا ہے جبکہ آرٹ کارڈ اور بلیچڈ بورڈ کی قیمت میں بھی زبردست کمی ہوگئی ہے۔ اس کمی سے پاکستان کے صارفین کو فائدہ پہنچنے کا امکان ہے جو کہ پاکستانی روپے کی قدر میں کمی کے باعث درآمدی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث پریشان تھے۔



عید ملن ۹۸ء کے موقع پر لیا گیا گروپ، دائیں طرف سے وائس چیئرمین ایپما ایس انعام الٰہی جمیل، اے کیو خلیل، عبدالمجید میمن، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے اطلاعات سید حفیظ الدین لاڑکانہ کے بقول شیخ، صدر سدرن سرکل زین الدین سنیل، سینئر نائب صدر محمد طاہر، بانی پیپر بزنس محمد رؤف۔



وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر برائے اطلاعات سید حفیظ الدین ایپما سدرن سرکل کی عید ملن تقریب سے خطاب کررہے ہیں، حاضرین میں سید اظہر حسین، محمد اقبال ڈھیڈی، علی بہادر، لائق علی اور ایس ایم کاظمی نمایاں ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کوٹڈ آرٹ پیپر کی اپریل-جون 2024 میں قیمتوں میں استحکام

## جنوری-مارچ میں قیمتوں میں 30 روپے کلو کی کمی ہوئی تھی، اب ڈیڑھ سال پرانی قیمت پر فروخت ہو رہا ہے

| NEVIA GLOSS | | April-2024 | | | May-2024 | | | | | June-2024 | | | Price + Increase – Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 5 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 28 | |
| All Size | 80 | 365 | 365 | 365 | 365 | 375 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 90 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 100 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 105 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 113 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 128 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 150 | 365 | 365 | 365 | 365 | 370 | 360 | 360 | 360 | 360 | 365 | 370 | ( + 5 ) |

| NEVIA MATT | | April-2024 | | | May-2024 | | | | | June-2024 | | | Price + Increase – Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gsm | 5 | 19 | 26 | 3 | 10 | 17 | 24 | 31 | 7 | 14 | 28 | |
| All Size | 80 | 365 | 365 | 365 | 365 | NA | NA | NA | NA | NA | NA | NA | ( No Change ) |
| All Size | 90 | 365 | 365 | 365 | 365 | 380 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 100 | 365 | 365 | 365 | 365 | 380 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 105 | 365 | 365 | 365 | 365 | 380 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 113 | 365 | 365 | 365 | 365 | 380 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 128 | 365 | 365 | 365 | 365 | 380 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |
| All Size | 150 | 365 | 365 | 365 | 365 | 410 | 360 | 360 | 360 | 360 | 360 | 370 | ( + 5 ) |

Prices Trend in April-June-2023 (Per Kg Rates)
Imported **COATED ART PAPER China and Japan**

| NEVIA GLOSS | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 615 | 600 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | 610 | ( - 5 ) |
| All Size | 90 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 100 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 105 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 113 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 128 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 150 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |

| NEVIA MATT | | APR-2023 | | MAY-2023 | | | | JUNE-2023 | | | | Price + Increase - Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 14-Apr | 28 | 5 | 12 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | |
| All Size | 80 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 90 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 100 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 105 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 113 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 128 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |
| All Size | 150 | 615 | 600 | 600 | 595 | 595 | 595 | 595 | 590 | 590 | 590 | ( - 25 ) |

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کوٹڈ آرٹ پیپر نیویا برانڈ کی قیمتیں جون 2024 میں جنوری 2023 کی قیمتوں کے مساوی ہوگئی ہیں اس طرح نیویا اب ڈیڑھ سال پرانی قیمت 370 روپے کلو پر فروخت ہو رہا ہے۔ 2022 کی آخری سہ ماہی اکتوبر۔ دسمبر میں 2021 کے مقابلے میں نیویا۔ اوجے آئی اور ایل ڈبلیوسی کی قیمتوں میں مندی کا رجحان رہا تھا۔ تاہم 2023 کا آغاز آرٹ پیپر کے درآمد کنندگان کیلئے خوش آئند ثابت ہوا تھا اور صرف جنوری 2023 کے پانچ ہفتوں میں قیمتیں 355 سے بڑھ کر 420 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ فروری میں مزید اضافہ 90 روپے کلو اضافہ ہوا تھا اور قیمتیں 510 روپے پر پہنچ گئیں جبکہ 31 مارچ کو یہ قیمتیں 570 روپے کی انتہائی حد پر تھیں۔ اس طرح تین ماہ میں ریکارڈ 215 روپے فی کلو کا اضافہ ہوا تھا۔ آرٹ پیپر دیگر پیپر کے مقابلے میں دباؤ میں جنوری 2023 سے اس میں بھی زبردست اضافے کا رجحان رہا جو ایک ماہ میں 105 روپے اضافے کے بعد 470 روپے کلو تک پہنچ گیا تھا۔ فروری میں یہ اضافہ 50 روپے کلو رہا اور قیمتیں 520 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ مارچ میں یہ قیمتیں برقرار رہیں، اس طرح مجموعی طور پر یہ اضافہ 155 روپے کلو رہا تھا۔ 2022 میں اضافے کی شرح 45 روپے سے 100 روپے کلو تک تھی جبکہ 2023 کے آغاز میں پہلی سہ ماہی میں دگنا اضافہ ریکارڈ کیا گیا تھا۔ 2023 کی دوسری سہ ماہی میں قیمتوں میں کمی کا آغاز ہوا اس کے باوجود کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے درآمدات کی آزادانہ تجارت میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی تھیں لیکن انتہائی قیمتوں کے باعث اس کی طلب میں کمی کے باعث قیمتوں میں کمی کا آغاز ہوا اور نیویا میں 25 روپے کلو اور او جے آئی جاپان میں 45 روپے کلو کی کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ قیمتیں 600 روپے کلو سے کم ہوگئی تھیں۔ ذیل میں اپریل جون 2024 اور اپریل جون 2023 کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ دیا جا رہا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## نیشنل سیکورٹی پرنٹنگ کراچی کے پیپر کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:FN/FB-428
پلاسٹک کوٹڈ پیپر، وائٹ/آف وائٹ کلر، تعداد:1000 رول
ٹینڈر حوالہ نمبر:FN/FB-430
سینیٹائزڈ چیک پیپر ریل،CBS-1/90 گرام، واٹر مارکڈ
تعداد:200 ریل۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:30 جولائی 2024
ٹینڈر حوالہ نمبر:N-LP/T-430-24
وائٹ آفسیٹ پیپر، سائز85,15x24 گرام، تعداد:300 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:2 اگست 2024ء
برائے رابطہ: مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون:021-99248511-15 EXT:2201-2205

## KW&SC کراچی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

پرنٹنگ، کمپوزنگ اور بائنڈنگ
بجٹ بک والیم 1، تعداد:240 کاپی
بجٹ بک والیم،2، تعداد:240 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:5 اگست 2024ء
